مُجرب نسخے (باتصویر)
حکیم خواجہ محمد نعیم
الطب والکیمیاء گروپس
نایاب بکس
تحریر وتدوین ۔ شیر حسن

فہرست

فہرست

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
May 15 at 10:10 AM

سفوف پین کِلر

سفوف برائے درد جوڑ، درد بدن، مہروں کا اپنی جگہ سے سلِپ ہو جانا اور جنرل کمزوری:۔

آج کل جو سب سے زیادہ پرابلم چل رہی ہے وہ جسم کا درد ہے جس کو دیکھو جسم کا کوئی نہ کوئی حصہ پکڑ کر بیٹھا ہے سب سے زیادہ کیس جو سامنے آ رہے ہیں وہ ہڈیوں کا کمزور ہونا ہے ڈسک سلپ، کمر کا درد، مہروں کا ہلنا، خاص طور پر شُوگر کے مریض اس مرض کا زیادہ شکار نظر آتے ہیں ان تمام امراض کے لئے نسخہ پیش خدمت ہے یہ نسخہ جناب پروفیسر دوست محمد صاحب کا ہے آپ ایک صاحب علم حکیم ہیں۔

اجزاء نسخہ:۔ اسگندھ ناگوری، سورنجان شیریں، سونٹھ، زیرہ سفید، قسط شیریں، موصلی سفید اصل انڈین، بدھارا۔ سب ادویات برابر وزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ آدھا چمچ صبح و شام ہمراہ دودھ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

اللہ پاک اپنا فضل و کرم فرمائے گا بہت سے مہنگے نسخوں سے یہ نسخہ بہت زیادہ بہتر ثابت ہو گا۔

تمام ادویات
سورنجان شیریں
زنجبیل۔سونٹھ
زیرہ سفید
بدھارا
قسط شیریں
موصلی سفید
اسگندھ ناگوری
تیار شدہ سفوف

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
April 28 at 3:12 PM

گرمی کا خُوش ذائقہ شربت

لو جی گرمیاں آگئی ہیں تو آپ کو گرمیوں کا تحفہ دے رہا ہوں بہت ہی خوش ذائقہ شربت کا بنائیں اور گرمی انجوائے کریں۔ ایک بار بنائیں گے تو بازاری شربتوں سے آپ کی جان چُھوٹ جائے گی بس زیادہ تعریف نہیں آپ خود بنائیں اور رزلٹ سے دوستوں کو بھی آگاہ کریں۔

اجزاء نسخہ:۔ برداہ صندل اصل 40 گرام، خس 40 گرام، گل گڑھل 40 گرام، گل سرخ 30 گرام، گل نیلوفر 30 گرام، دانہ الائچی سبز 20 گرام، آلو بخارہ 200 گرام، چینی 6 کلو، ورق نقرہ شربت تیار ہونے کے بعد شامل کر دیں خوبصورتی شربت کی بڑھ جاتی ہے اور فائدہ مند چیز بھی ہے۔

تمام ادویات کو 8 کلو پانی میں بھگو دیں 12 گھنٹے کے بعد ہلکی آنچ پر پکائیں آدھا حصہ پانی رہ جائے تو چھان پِن کر چینی شامل کر کے شربت بنائیں ست لیموں جب شربت اُبال لے رہا ہو اس وقت شامل کریں ایک چمچ ساری میل اُوپر آنی شروع ہو جائے گی ساتھ ساتھ اُتار دیا کریں اور ست لوبان ایک چمچ جب شربت تیار ہونے کے بعد نیم گرم رہ جائے اس وقت شامل کر کے مکس کر دیں تا کہ آپ کا شربت خراب نہ ہو۔

دن میں دو بار پانی یا دودھ میں شامل کر کے استعمال کریں بچے بوڑھے خواتین سب استعمال کر سکتے ہیں تمام گرم امراض میں فائدہ مند ہے شربت ٹھنڈا ٹھار تے دل بہار۔

0301-6791266

معجون مغلظ اسپیشل

میر ادعوہ تو نہیں لیکن تجربہ شرط ہے کہ صرف ایک ماہ کا یہ کورس آپ کو باقی تمام مُغلظ ادویات سے بے نیاز کر دے گا پرہیز شرط ہے تمام ادویات خالص تازہ ہونی چاہیئے جو دوست خود نہیں بنا سکتے وہ اپنے مقامی معالج سے یہ دوا بنوا کر استعمال کریں اللہ کریم کرم فرمائے گا۔

اجزاء نسخہ:۔ بیج بند، تخم کونچ، ستاور، تالمکھانہ، موچرس، بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سفید، موصلی سیاہ، پھلی ببول، تمر ہندی کلاں، شقاقل مصری، زنجبیل، بھکڑا، لاجونتی، بہو پھلی، مغز پنبہ دانہ۔

ہر اجزاء۔50 گرام۔ سنگھاڑا 100 گرام، الائچی سبز، طباشیر کبود، 25+25 گرام۔ ورق نقرہ 1 دستی، چینی 3 کلو۔

ورق نقرہ کے علاوہ تمام ادویات کو کُوٹ پیس لیں اور چینی کا قوام کر کے ادویات شامل کریں ورق نقرہ آخر میں شامل کر دیں آپ کی دوائی تیار ہے لمبا عرصہ محفوظ کرنے کے لیے ست لوبان ایک گرام شامل کر لیں جب دوا نیم گرم رہ جائے تب۔

فوائد:۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرنا اس دوا کا ادنی کرشمہ ہے، جریان کی شکایت کو دور کرتا ہے، رقت سرعت انزال، ذکاوت حس میں بے حد مفید ہے، سپرم کی تعداد بڑھاتی ہے، ایسے تمام اشخاص جن کا مزاج گرم ہے اور

وہ مردانہ طاقت والی ادویات استعمال کر رہے ہیں ان سے گزارش ہے کہ پہلے اس دوا کا استعمال 20 / 25 دن لازمی کریں اس کے بعد طاقت والی ادویات کا استعمال کریں رزلٹ دوگنا ملے گا۔

نوٹ:۔ یہ لائن صرف حکماء کے لیے ہیں۔

آپ اس دوا کو مزید بہتر کرنے کے لئے جواہر مہرہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ مریض کے مزاج اور جسمانی حالت کو سامنے رکھ کر شامل کر سکتے ہیں یہ آپ کی قابلیت پر منحصر ہے کہ کس مقام پر کس چیز کا اضافہ کرنا ہے۔

حکیم خواجہ محمد نعیم

فری طبی
نایاب بکس

معجون دماغ افزاء المعروف دماغی جدید

یہ نسخہ میرے اُستاد محترم جناب محمود الرسول بھٹہ صاحب کا معمول نسخہ ہے اللہ پاک انکی زندگی میں برکت دیں دوستوں ایسے نسخے ظاہر کرنا جو معمول مطب ہو بڑے جگرے کا کام ہے آتے ہیں نُسخہ کی طرف۔

اجزاء نسخہ:۔ برہمی بوٹی 50 گرام، ستاور 30 گرام، سنڈھ 10 گرام، فلفل دراز 10 گرام، دانہ الائچی خورد 10 گرام، منڈی بوٹی 30 گرام، مغز سونف 50 گرام، چہار مغز مکمل 50 گرام، خشخاش سفید 50 گرام، شہد خالص 500 گرام۔

بنانے کا طریقہ:۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ کُوٹ لیں اور شہد کا قوام بنا کر ادویات شامل کریں۔

فوائد:۔ یہ معجون انتہائی خوش ذائقہ اور بہترین مقوی دماغ ہے اس سے بڑھ کر مقوی دماغ ٹانک کوئی نہیں ہوگا دماغی کمزوری کو فوراً دُرست کرتی ہے ضعفِ حافظہ یعنی یاداشت کا کمزور ہو جانا میں اکسیری رزلٹ ہے نظر کی کمزوری میں اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہو گی دل کی کمزوری میں مفید ہے اور فوری اثر رکھتی ہے گندھے خیالات نفسیاتی مرضوں کے اوپر مکمل گرفت رکھتی ہے منفی سوچوں کو دماغ سے نکال باہر کرتی ہے ہر مزاج کو موافق ہے سائیڈ افیکٹ سے مکمل پاک ہے طالب علموں، دماغی کام کرنے والوں، مطالعہ کے شوقین لوگوں کی دماغی کمزوری کے لیے بہترین ٹانک ہے خاص طور پر جن لوگوں کو ہر وقت ذہنی تھکاوٹ اور ذہنی خوف رہتا ہے ان

کے لیے بہترین تحفہ پیش خدمت ہے حکماء دوستوں سے گزارش ہے کہ وہ یہ دوا بنا کر انسانیت کی خدمت کریں بنائیں اور اللہ پاک کی قدرت کا معجزہ دیکھیں۔

مقدار خوراک:۔ 6 ماشہ سے 9 ماشہ دن میں دو بار سب سے بہتر خالی پیٹ کھائیں دودھ کے ساتھ۔

فوائد بہت سارے ہیں مکمل نہیں لکھ سکا بنائیں گے تو دُعائیں دیں گے ان شاء اللہ۔

حکیم خواجہ محمد نعیم

شوگر کا معمول مطب نسخہ

ماہِ رمضان کے بابرکت مہینے کے صدقے نسخہ شئیر کر رہا ہوں اللہ پاک کے حکم سے اس کے پہلے کیپسول سے شوگر کنٹرول ہونا شروع ہو جاتی ہے بنائیں اور اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شُکر ادا کریں یہ نسخہ انگلش ادویات سے لاکھ درجے بہتر ہے۔

شوگر کا مرض بہت تیزی سے پھیل رہا ہے یہ مرض لبلبہ کی خرابی سے ہوتا ہے لیکن میرے خیال میں ناقص غذاؤں کا استعمال بھی اس مرض کو پھیلانے کا باعث بنتا ہے درج ذیل نسخہ نہ صرف شوگر کو نارمل رکھتا ہے بلکہ اِنسولین بھی چُھڑوا دیتا ہے۔

اجزاءِ نسخہ:۔ تخم سرس، موچرس، گوند کیکر، حنظل (تمہ) بیج نکال کے شامل کرنا ہے، کلونجی، سب ادویات برابر وزن لیں باریک کھرل کر کے سفوف بنا لیں اور فُل سائز کیپسول بھر لیں جن کی شوگر 300 سے اُوپر رہتی ہے وہ صبح وشام 1+1 کیپسول دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور جن کی شوگر 300 سے نیچے ہو وہ ایک کیپسول رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں چند دن کے اندر ہی آپ کا شوگر لیول بلکل نارمل ہو جائے گا انشاءاللہ۔

حکیم خواجہ محمد نعیم

تخم سرس
کلونجی
موچرس
گوند کیکر
حنظل بیج نکلا ہوا
تیار شدہ سفوف
شوگر کنٹرولر
کیپسول

سفوف فربہ جدید

یہ نسخہ محترم جناب ظہیر سیف بھائی کا عطیہ کردہ ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ تخم خرفہ، تخم ریحان، تخم پیاز، تخم لاجونتی، تالمکھانہ، موصلی سفید، بہمن سُرخ، بہمن سفید، گوند کتیرا، گوند کیکر، طباشیر، مصطگی رومی اصل۔ ہر ایک 1+1 تولہ۔ سنگھاڑا۔2 تولہ، پھلی کیکر 2 تولہ، سونف 3 تولہ کالپی مصری 12 تولہ، ڈاڑھی برگد 2 تولہ۔

نوٹ:۔ ڈاڑھی برگد پنساری سے بہت کم ملتی ہے یہ آپ کو خود کوشش کرنی ہوگی اُتارنے کی۔

سب کا سفوف بنالیں صبح وشام ایک ایک چمچ سادہ پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

ایک ماہ میں رزلٹ آپ کے سامنے ہو گا بشرطیکہ اجزاء خالص اور ایک نمبر ہو۔

فوائد:۔ نوجوان بناتی ہے نئے سرے سے، وزن بڑھاتی ہے، خون پیدا کرتی ہے، مادہ تولید نہ صرف پیدا کرتی ہے بلکہ مادہ تولید کو گاڑھا کرتی ہے، ایک ماہ کے اندر وزن میں نمایاں اضافہ کرتی ہے، مردانہ جنسی بددلی کو ٹھیک کرتی ہے بے جا تعریف ممکن نہیں بنائیں اور مالک کائنات کے کرم ہوتے دیکھیں۔

طِلاءجادواثر جدید

حسبِ وعدہ طلاء جادواثر جدید کانسخہ بنانے کاطریقہ حاضر خدمت ہے میرے مطب کامایہ ناز نسخہ بہت بار بنایااور شئیر کیاہے ایک بار پھر آپ کے سامنے۔جادووہ جو سر چڑھ کر بولے یہ الفاظ آپ نے اکثر سُنے ہوں گے آج کا طِلاءاِن الفاظ کوسچ ثابت کرے گاانشاء اللہ۔

طِلاءجادواثر جدید اضافہ شدہ نسخے کے ساتھ اللہ پاک کااحسان ہے کہ جس کو بھی دِیااُسکوفائدہ ہوا سب سے بڑی بات کہ نقصان سے پاک نہ چھالہ،نہ زخم نہ درد اور نہ ہی کوئی اُوپر کوئی چیز باندھنے کی ضرورت۔

<u>اجزاءنسخہ</u>:۔روغن زیتون (ایکسٹرا ورجن برانڈلیناہے لوکل نہیں لیناورنہ کوئی فائدہ نہیں ہو گا)10تولہ، زردی بیضہ مرغ دیسی ہو اصل بازاری نہ ہو2عدد،لونگ 1تولہ،دار چینی 1تولہ،اگرروغن دار چینی اصل مل جائے توزیادہ بہتر ہو گا،مغز جمال گوٹہ 20عدد،بھلاوہ4عدد،روغن مالکنگنی اصل خودساختہ بازاری کسی کام کا نہیں20گرام،روغن بیر بہوٹی20گرام۔

<u>فوائد</u>:۔ جلق زدہ،عضوتناسل کاہر نُقص دُور،پتلاپن،رگوں کاڈھیلاپن،ٹیڑھاپن،نامردی،سختی پر بہترین رزلٹ دیتاہے۔

<u>بنانے کاطریقہ</u>:۔سب سے پہلے روغن زیتون کوہلکی آنچ پر رکھیں کڑاہی میں ڈال کر گرم ہو جانے پر زردی بیضہ مرغ دیسی ڈالیں پھر لونگ شامل کریں پھر دار چینی اس کے بعد مغز جمال گوٹہ اور آخر میں بھلاویں ڈال

دیں ٹوپی اُتار کر تو اس وقت آگ بہت آہستہ کر دیں جب ڈھواں بننا ختم ہو جائے تو اُتار لیں اور روغن شامل کریں اور شیشے کی بوتل میں محفوظ کریں۔

21 دن کا مکمل کورس ہے اس کے بعد دوبارہ زندگی میں اس دوائی کی ضرورت نہیں پڑھتی۔

حکیم خواجہ محمد نعیم

DUO
BORGES
EXTRA
VIRGIN
OLIVE OIL
Original

فری علمی
نایاب بکس

حب جن سنگ المعروف شباب کامل کیپسول

آج کی پوسٹ جناب محمود الرسول بھٹہ صاحب کی شیئر کردہ حب جن سنگ کی ہے جس کا نام حب جن سنگ المروف شباب کامل کیپسول نام میں نے تجویز کیا ہے یہ نسخہ بہت سے قیمتی نسخوں سے بہت آگے کی چیز ہے اس طرح کے معمول مطب نسخے شیئر کرنا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ جن سنگ ایک نمبر 20 گرام، جدوار اصل 50 گرام، زعفران ایک نمبر ہو (پوری تسلی کے ساتھ لیں) 5 گرام، خولنجان 100 گرام، تیزپات 50 گرام، عقر قرحا اصلی ہو دو نمبر کسی کام کا نہیں ہے 50 گرام۔

سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ کُوٹ لیں اور سفوف بنا کر 500 ملی گرام والے کیپسول بھر لیں۔

صبح وشام تازہ دودھ کے ساتھ ایک ایک کیپسول کھانے کے بعد استعمال کریں جس نے ایک ماہ استعمال کر لیا پھر کسی دوائی کی ضرورت محسوس نہیں کرے گا ان شاء اللہ۔

فوائد:۔ انتہائی مقوی باہ ہے مقوی اعصاب دوا ہے جوڑوں کے درد عضلات کے درد کے لیے اکسیری دوا ہے جس کی پہلی خوراک ہی اپنا آپ بتا دیتی ہے کوئی سائیڈ افیکٹ نہیں منشیات اور مضر اجزاء سے مکمل پاک دوا ہے نقصانات سے مکمل پاک بہترین دوا ہے انتہائی تیزی کے ساتھ رزلٹ دیتی ہے اس دوا کی مین شرط ہی یہ ہے کہ آپ کے اجزاء نسخہ مکمل خالص اور ایک نمبر ہوں کچھ لوگ گارنٹی مانگتے ہیں ان کے لیے عرض ہے کہ ہم دوا لکھتے ہیں شفاء دینے والی ذات اللہ پاک کی ہے۔

خولجان
جدوار
زعفران خالص
تیزپات
عقرقرحا اصل ایک نمبر
شباب کامل کیپسول
تیار شدہ سفوف

Naeem Javed ▶ طب اور کیمیا کے کمالات
October 22, 2017 at 4:30 PM · Bhalwal

بُخاروں کیلئے اکسیر نسخہ

یہ نُسخہ محترم حکیم اعجاز صاحب کا ہے جو بُخاروں کے لیے اکسیر ہے۔

موسمی بُخار، ملیریا، ٹائیفائیڈ بُخار اور بُخار کے ساتھ ہونی والی بے چینی میں کمال کا رزلٹ رکھتا ہے خاص طور پر اپنے حُکماء دوستوں کو کہوں گا کہ بنا کر استعمال کروائیں اور مزید رہنمائی فرمادیں۔

اجزاء نسخہ :۔ کرنجوہ، کوڑ انڈیا، افستین، ست گلو اصل، خشخاش، گل سرخ، کچور، ملٹھی، صندل سرخ، زھر مہرہ خطائی اور اس میں اتیس تلخ بھی شامل کرنا ہے مجھے یہاں سے ملا نہیں جس کی وجہ سے اس کی پکچر مِس ہے سب ادویات ہموزن لینی ہیں سفوف بنا کر 500mg والے کیپسول بھر لیں اور دن میں تین بار چائے یا دودھ پتی کے ساتھ استعمال کریں۔

ست گلو
تیار شدہ
دوائی

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
December 30, 2018 at 12:13 PM

سفوف مقوی باہ کمی منی

اجزاء نسخہ :۔ گوکھرو، تخم کونچ، شقاقل، ثعلب مصری، الائچی سبز، بہمن سفید، بہمن سرخ، تالمکھانہ، دار چینی۔ سب اجزاء10+10 گرام۔ موصلی سفید، موصلی سیاہ،20+20 گرام۔ اور ان تمام ادویات کے برابر کالپی مصری شامل کرلیں سفوف بنالیں آپ کی دوائی تیار ہے۔ دن میں دوبار ایک ایک چمچ چاول والی مقدار خوراک ہے خالی پیٹ گائے کے دودھ کے ساتھ۔40یوم کا کورس ہے۔ اللہ پاک نے چاہا تو اور کسی دوائی کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی ان لوگوں کے لیے تحفہ خاص ہے جن کو منی کی کمی کی وجہ سے مردانہ کمزوری کا سامنا ہے بہترین مقوی باہ نسخہ ہے سرعت کے مریض بھی استعمال کرسکتے ہیں اس سے آسان اور سمیات سے پاک نسخہ ممکن نہیں جو لوگ خود نہیں بنا سکتے وہ اپنے قریبی معالج سے بنوا لیں۔

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
October 31, 2017 at 6:47 PM

سفوف مغلظ

آج کا نسخہ اُن دوستوں کے لیے ہے جو مغلظ نسخے کھا کھا کر تنگ آ چکے ہیں لیکن فائدے کے بجائے اُلٹا معدے کے مریض ہو گئے ہیں اور اُن لوگوں کے لیے بھی مفید ہے جو ٹائمنگ کی بے تحاشا دوائیاں کھا کھا کر تنگ آ چکے ہیں۔ منی کا پتلا پن، منی کا کم پیدا ہونا، ٹائمنگ کا مسئلہ ہونا، سپرم کا کم ہونا اِن تمام امراض پر آنکھیں بند کر کے استعمال کر سکتے ہیں۔

اجزاء نسخہ:۔ تخم سروالی، ملٹھی 100+100 گرام، ستاور، چہار مغز 50+50 گرام سفوف بنا لیں۔ آدھی چمچ چائے والی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ۔ 15 دن کے اندر آپ کو پتہ چل جائے گا اس سے آسان نسخہ اور کیا ہو سکتا ہے بنائیں اور فائدہ اُٹھائیں۔

اکسیرِ معدہ

اکسیرِ معدہ۔ دوبارہ بنایا بہت زبردست زرلٹ ہے اور یہ نسخہ جناب ظہور احمد رضا صاحب کا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ اجوائن دیسی، پودینہ آملہ، مکوہ دانہ، نمک سیاہ، سونف، زیرہ سفید۔ ہر ایک 3۔3 تولہ۔

ریوند خطائی 2 تولہ، چھلکا اسپغول 5 تولہ۔ چھلکا اسپغول کے علاوہ تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور آخر میں چھلکا شامل کرلیں۔ مقدار خوراک:۔ کھانے سے پہلے 5 گرام ہمراہ پانی۔

فوائد:۔ ورم معدہ، کمزوری معدہ، جلن معدہ و جگر کے لیے مفید ہے۔ بلڈ پریشر کے مریض نمک سیاہ کے بغیر استعمال کریں اور نمک سیاہ کی جگہ اسرول 2 تولہ اور چھوٹی الائچی 1 تولہ کا اضافہ کریں۔

جِن لوگوں کے ڈکار رُک جاتے ہیں معدہ کے اندر اور وہ بے چینی محسوس کرتے ہیں اس وقت کی بے چینی بڑی عجیب ہوتی ہے کہ کب ڈکار آئے اور سکون محسوس ہو اس کی تکلیف اس مریض سے پوچھئے جن کو یہ پرابلم بنتی ہے اس کے علاوہ یہ مرکب امراضِ معدہ پر بہترین رزلٹ دیتا ہے ہیضہ، بد ہضمی مُنہ کے اندر چھالے بن جانا اس پر بہترین کام کرتا ہے۔

اجزاءِ نسخہ:۔ چینی 250 گرام، قلزم ہمدرد دواخانہ کی بنی ہوئی 5 ملی لیٹر۔ ایک شیشی کے اندر 15 ملی لیٹر دوائی ہوتی ہے چینی کو گرائینڈ کر لیں اور قلزم شامل کر کے دوائی کو مکس کر لیں جن لوگوں کو شوگر کا پرابلم ہے وہ ملک آف شوگر پوڈر ہومیوپیتھک اسٹور سے مل جاتا ہے وہ چینی کی جگہ شامل کریں جن لوگوں کو زیادہ تکلیف ہے وہ فُل سائز کیپسول بھر لیں اور جن لوگوں کو تھوڑی تکلیف ہے وہ 500 ملی گرام والے کیپسول بھر کر دن میں دو بار سے تین بار سادہ پانی کے ساتھ کھانے کے بعد استعمال کریں اللہ پاک شفاء دے گا۔

شربت بانسہ برائے امراض سینہ

دوستوں! یہ نسخہ اِس سے پہلے تین بار شئیر ہو چکا ہے اب دوبارہ شئیر کر رہا ہوں کہ جو دوست بنا نہیں سکے وہ بنا لیں بہت سادہ سا نسخہ ہے لیکن فوائد میں نہایت اعلیٰ چیز ہے نزلہ، زکام، کیرا، کھانسی، دمہ میں بہت فائدہ مند ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ برگ بانسہ آدھا کلو، فلفل دراز ایک تولہ، چینی 5 کلو۔ پانی 6 کلو کے اندر برگ بانسہ بھگو دیں 6 گھنٹے کے بعد جوشاندہ بنائیں پانی آدھا رہ جائے تو چینی شامل کر کے شربت بنا لیں نیم گرم رہ جائے تو فلفل دراز پسی ہوئی شامل کر کے مکس کریں۔ دن میں تین بار ایک ایک چمچ استعمال کریں۔

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
October 8, 2017 at 12:03 PM · Bhalwal

بچوں کیلئے نسخہ

یہ نسخہ محمود بھٹہ صاحب کا ہے اُن بچوں کے لئے جو کھانے کے باوجود موٹے نہیں ہوتے کھایا پیا لگتا نہیں۔

اجزاء نسخہ:۔ آملہ صاف شدہ 10 تولہ، لونگ 1 تولہ۔ پِیس کر آدھا کلو دہی میں ملا کر رکھ دیں مواد گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو دانہ گندم کے برابر گولیاں بنالیں۔ 1+1+1 دن میں تین بار ہمراہ پانی۔

انشاءاللہ بچہ موٹا تازہ ہو جائے گا۔

نسخہ مدر حیض امراضِ نسوانی

آج کا نسخہ صرف حکماء کے لیے ہے عام لوگ ٹرائی نہ کریں اور اگر بنانا چاہیں تو کسی معالج کی زیرِ نگرانی بنائیں یہ نسخہ جناب محمود بھٹہ صاحب کا معمول مطب ہے آپ حکماء حضرات بھی بنائیں اور فائدہ دیں بے بس اور مجبور لوگوں کو، نسخہ دو حصوں میں ہے نوٹ فرمالیں۔

نمبر 1)۔

بلادر 10 گرام، حنظل 30 گرام، رائی 20 گرام۔ بلادر کو مدبر کر لیں حب نخودی تیار کر لیں یا 250 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں 1+1+1 دن میں تین بار۔

نمبر 2)۔

ابہل، مر مکی، رائی، کلونجی، سنبل الطیب۔ برابر وزن پیس کر سفوف بنالیں۔ 1 ماشہ سے 2 ماشہ تک دن میں تین بار سادہ پانی کے ساتھ۔

فوائد:۔ بندش حیض، ورم رحم، رسولی رحم، پیٹ کا موٹاپا، رحم میں ہوا کا بھر جانا، جس کی وجہ سے حمل کا نہ ہونا، دونوں نسخوں کو اکٹھا استعمال کرنا ہے۔ بندش حیض میں اس سے بڑھ کر کوئی دوائی نہیں ہے۔

بلادر۔ بھلاواں
حنظل
رائی خردل
ابہل
مرمکی
کلونجی
سنبل الطیب

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
November 16, 2017 at 1:41 PM

حب نزلہ

آج کی پوسٹ کا نسخہ دوست محمد صاحب کا ہے موسم کی مناسبت سے نسخہ ہے بنائیں اور فائدہ حاصل کریں۔

اجزاء نسخہ بہت آسان اور مختصر ہے لیکن رزلٹ اچھا ہے پانی کی طرح بہتا پتلا نزلہ دو سے تین خوراک سے رُک جاتا ہے اول تو پہلی خوراک کے بعد دوسری کی بھی ضرورت نہیں پڑھتی۔

<u>اجزاء نسخہ</u> :۔ ریٹھہ، گڑ۔ صرف دو اجزاء کا مرکب ہے ریٹھہ کے اندر سے گھٹلی نکال دیں اور اس کو کُوٹ لیں گُڑ اتنا ڈالیں کہ جس سے گولی بن جائے چنے برابر گولی بنالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی سادہ پانی یا چائے کے ساتھ استعمال کریں کھانے کے بعد۔

معجون آرد خرما

یہ نسخہ طبی فارماکوپیا میں معجون آرد خرما کے نام سے مشہور ہے درج ذیل نسخہ حافظ سعید احمد مارتھ کا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔

گوند کیکر 250 گرام، آرد خرما 250 گرام، سنگھاڑا 250 گرام، مغز بادام 30 گرام، مغز چلغوزہ 30 گرام، مغز فندق 30 گرام، مغز پیینہ دانہ 10 گرام، لونگ 6 گرام، جاوتری 3 گرام، مغز جائفل 3 گرام،

شہد خالص 1 کلو۔

شہد کا قوام بنا کر باقی تمام ادویات پیس کر شامل کریں اور معجون بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک بڑی چمچ چاول والی ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد:۔

گردہ کو طاقت دیتا ہے، پٹھوں کو طاقت دیتا ہے، ممسک، قوت باہ، سلسل البول قطرہ قطرہ پیشاب آنا، کمزوری مثانہ، جریان، سرعت انزال اور اعضائے تناسل کی بڑھی ہوئی حِس کو دُور کرتی ہے مادہ حیات کو گاڑھا کرتی ہے۔

سنگھاڑا
پنیہ دانہ
جلوتری
شہد خالص 100%
لونگ
مغز چلغوزہ
آرد خرما
گوند کیکر
بادام

شربت تھادل

اجزاء نسخہ :۔گری بادام 150 گرام، چہار مغز مکمل 50 گرام، الائچی سبز 25 گرام، سونف 50 گرام، گل سرخ 25 گرام، خشخاش 25 گرام، زیرہ سفید ایک چمچ، چینی 3 کلو، پانی 4 کلو۔

بنانے کا طریقہ:۔ بادام علیحدہ بھگو دیں تا کہ چھلکا اُتر سکے اور گرائینڈ کر لیں باقی تمام ادویات کو 4 کلو پانی میں بھگو دیں 8 گھنٹے کے بعد جوشاندہ بنائیں جب پانی 2 کلو رہ جائے تو 3 کلو چینی ڈال کر شربت بنائیں ست لیموں اور ست لوبان لازمی ڈالیں آدھی۔ آدھی چمچ تا کہ شربت خراب نہ ہو۔نہایت ہی مقوی قلب، مفرح، مقوی دماغ شربت بنے گا ایک بار استعمال کریں گے تو دیوانے ہو جائیں گے اس شربت کے۔طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لیے بہترین تحفہ حاضر کر دیا ہے۔

ہاضمہ دار کیپسول

اجزاء نسخہ:۔ گندھک آملہ سار 20 گرام، پودینہ خشک 50 گرام، سنڈھ 20 گرام، فلفل سیاہ 10 گرام، نوشادر ٹھیکری 20 گرام، سوڈا بائی کارب 20 گرام، ست اجوائن 1 ماشہ۔

سب ادویات کا سفوف بنا کر فُل سائز کیپسول بھر لیں صبح و شام ایک ایک کیپسول تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ تبخیر معدہ، پیٹ درد، درد گردہ، ریح ہوا، قبض، بد ہضمی، احتلام کی کثرت کے لیے موثر ہے۔

پروفیسر حکیم شمس الحق (مرحوم)
پروفیسر حکیم شمس الحق (مرحوم)

حب زعفرانی جدید

آج کا ہر دوسرا نوجوان اپنی جوانی میں ہی بڑھاپے کو چُھو رہا ہے اگر دیکھا جائے تو قصور نہ زمانے کا ہے اور نہ دوسرے لوگوں کا بلکہ سارا قصور نوجوان کا اپنا ہوتا ہے آج کا نسخہ ایسے ہی نوجوان بوڑھوں کے لیے ہے جن کے پاس جنسی حوالے سے کچھ بھی نہیں بچا اس کے علاوہ شوگر کے مریضوں کے لیے بطور تحفہ یہ نسخہ پیش خدمت ہے جن کو جنسی کمزوری کا سامنا ہے یہ دوا جنسی طور پر ختم انسان کو نئے سرے سے جوان بنا دیتی ہے ضعف مردانہ کی خاص دوا ہے سرعت انزال کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اجزاء نسخہ:۔ اذراقی مدبر، زنجبیل، لونگ، ریگ ماہی، زعفران خالص ایک نمبر، جدوار خطائی اصل، سلاجیت اعلی کوالٹی والی۔ ہر اجزاء ایک ایک تولہ۔

تمام ادویات کو علٰیحدہ علٰیحدہ پیس لیں اور چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

ایک گولی صبح ایک گولی شام تازہ دودھ کے ساتھ کھانے کے آدھا گھنٹہ کے بعد استعمال کریں ایک ماہ کا کورس کرنے کے بعد کسی اور دوا کی ضرورت نہیں پڑھتی رزلٹ پہلے دن سے ہی آپ کو نظر آنا شروع ہو جائے گا

حب زعفرانی جدید کے حیرت انگیز جادو بھرے اثر سے لطف حاصل کریں اور دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

جدوار خطائی
زنجبیل
لونگ
زعفران خالص ایک نمبر
ریگ ماہی
اذراقی مدبر
سلاجیت
حب زعفرانی جدید
حب زعفرانی جدید

کایاکلپ نسخہ

یہ نسخہ جناب پروفیسر دوست محمد صاحب کا ہے بہت آسان اور تھوڑے سے اجزاءپر مشتمل ہے لیکن فوائد بہت زبردست ہیں بنائیں اور موج کریں۔

اجزاءنسخہ:۔ ہلیلہ سیاہ، پِستہ۔برابروزن۔

ہلیلہ سیاہ کو دیسی گھی میں بریاں کرنا ہے یعنی ہلکا سا بُھون لیں دونوں ادویہ کو کُوٹ کر خالص شہد کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنالیں اور روزانہ رات کو ہمراہ دودھ استعمال کریں ایک سے دو گولی۔

فوائد:۔

قبض، بڑھاپا، کثرت بول یعنی یورِن کا زیادہ آنا، درد بدن، جوان بلاناغہ سال بھر کھائے تو بالوں کی سیاہی قاہم رہتی ہے اور مزید سفید نہیں ہوتے اس کے علاوہ بے شمار فوائد سامنے آئیں گے جب آپ بنا کر استعمال کریں گے صرف اتنا اِشارہ کردوں کہ اس کے استعمال کے بعد آپ کو مردانہ طاقت والی دوائیاں کھانے کی ضرورت نہیں بس اتنا کافی ہے۔

Carmocid
KL
19
ہلیلہ سیاہ
پستہ

اکسیر بواسیر خونی اور بادی

بنسخہ حکیم اعجاز صاحب دُعا اور شکریہ کے ساتھ!

آج کل یہ مرض ہر تیسرے چوتھے بندے کو ہے وجہ ناقص اور چٹ پٹی مصالحہ دار غذا تیز مرچ، مسلسل بیٹھے رہنا وغیرہ۔ نسخہ حاضر خدمت ہے بنائیں اور میرے لئے اور خاص کر حکیم اعجاز صاحب کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔

اجزاء نسخہ:۔

کچور، مغز کرنجوہ، پوست ریٹھہ، رسونت برابر وزن لے کر پیس لیں۔

مقدار خوراک:۔

1 گرام دن میں 3 بار قبل از غذا ہمراہ پانی 3 ہفتے میں مرض ختم انشاءاللہ۔

پرہیز:۔ بازاری اور تلی ہوئی اشیاء سے۔

حکیم خواجہ محمد نعیم

سفوف ثعلب جدید

نہایت ہی مغلظ منی ہے پانی کی طرح پتلی منی کو گاڑھا کرتا ہے۔

مزاج مخاطی عضلاتی، سرد خشک ہے اس نسخے کے اجزاء اگر آپ کو خالص مل جائیں تو کوئی بھی مغلظ نسخہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا شرط یہ ہے کہ اجزاء100 ٪ خالص ہونے چاہیے۔

اجزاء نسخہ:۔

ثعلب مصری 5 تولہ، ثعلب پنجہ 5 تولہ، موصلی سفید نمبر ایک 5 تولہ، ترپھلہ 5 تولہ، اسپغول چھلکا 5 تولہ۔

چھلکا اسپغول کے علاوہ باقی ادویات کا سفوف بنالیں بعد میں چھلکا اسپغول شامل کر لیں۔

مقدار خوراک:۔

10 گرام صبح و شام نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

بالوں کیلئے نسخہ

یہ نسخہ تیل کا ہے بلکل سِمپل سانسخہ ہے اور بنانے میں بھی بلکل آسان ہے یہ نسخہ محترم محمد شفیق کمبوہ کا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ تیل ناریل 250 گرام، کڑی پتہ 20 عدد۔

کڑی پتہ کو ناریل کے تیل میں جلالیں جب تیل کا رنگ براؤن ہو جائے تو آگ سے اُتار کر پتے نکال دیں اور تیل کو کھلے مُنہ والے ڈبے میں رکھیں۔ بالوں کی جڑوں میں مساج کریں بال کالے خشکی سکری ختم اور نرم ہوں گے۔

جوارش جالینوس مکمل نسخہ والی

حسبِ وعدہ جوارش جالینوس مکمل نسخہ والی کا نسخہ حاضر خدمت ہے یہ نسخہ جناب محمود الرسول بھٹہ صاحب کا ہے گو یہ جوارش ذرا مہنگی ہے لیکن فوائد میں تمام کمرشل دواخانوں کی بنی ہوئی جوارش کو پیچھے چھوڑ جاتی ہے تھوڑی مہنگی ہونے کی وجہ سے بہت سے حکماء بھی بنانے سے کتراتے ہیں اور کمرشل دواخانوں کی سیلز مینی کرتے ہیں لیکن وہ رزلٹ نہیں لے پاتے جو اپنی بنی ہوئی دوائی کا ملتا ہے بہر حال ہمارا مقصد کسی معالج کی دل شکنی نہیں آگاہی ہے کہ اپنی بنی ہوئی ادویات کو ترجیح دیں۔

اجزاء نسخہ:۔اسارون، بالچھڑ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، چرائتہ شیریں، حب الاس، خولنجان، سنڈھ، دار چینی، ناگر موتھا عود بلسان، لونگ، قسط شیریں۔ہر10+10 گرام۔

مصطگی رومی اصل ایک نمبر 25 گرام، زعفران خالص ایک نمبر10 گرام، عرق گلاب120 ملی لیٹر، شہد خالص ایک نمبر ہو ایک کلو سے ڈیرہ کلو ہو۔

سب سے پہلے زعفران کو عرق گلاب میں کھرل کر لیں اور باقی ادویات کو علیٰحدہ پیس لیں اور مکس کر دیں دونوں ادویات کو آپس میں۔اب شہد کا قوام بنا کر تمام ادویات ملا دیں لو جی آپ کی جوارش تیار ہے۔

فوائد:۔یہ جوارش معدہ اور آنتوں کے لیے بے حد مفید ہے آنتوں کی قوت ماسکہ کو بڑھاتی ہے بد ہضمی گھبراہٹ کے لیے تریاق اثر ہے مثانہ کی قوت ماسکہ کو بڑھا کر پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے بھوک بڑھاتی ہے

معدہ اور آنتوں کی گیس کو ختم کرتی ہے منہ کی بدبو کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں بلغمی کھانسی بلغمی دمہ اور بواسیر کا مستقل علاج ہے گردہ مثانہ کی پتھری توڑتی ہے اور آئندہ بننے سے روکتی ہے اور فی زمانہ جو سب سے زیادہ نوجوانوں میں پرابلم آرہا ہے بالوں کا وقت سے پہلے سفید ہونا تو یہ جوارش نہ صرف بالوں کو سفید ہونے سے روکتی ہے بلکہ سفید بال سیاہ بھی کرتی ہے جو وقت سے پہلے سفید ہو گئے ہوں سب سے بڑی خوبی حرارت غریزی بے شمار پیدا کرتی ہے معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں اس سے بہتر کوئی اور دوا نہیں ہو گی بشر طیکہ اجزا نسخہ خالص تازہ ایک نمبر کے ساتھ تیار کی جائے۔بقول استاد محترم وہ مطب، مطب ہی نہیں جہاں جوارش جالینوس تیار نہیں ہوتی۔

مقدار خوراک:۔ایک، ایک چمچ مرض کی نوعیت کے حساب سے دی جاتی ہے خالی پیٹ بھی استعمال ہو سکتی ہے اور کھانے کے بعد بھی ایک بہت بڑی دوائی کو آپ کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے بنائیں اور فائدہ حاصل کریں۔

حب الاس
فلفل سیاہ
مصطگی رومی نمبر1
زعفران
دارچینی
لونگ
اسارون
قسط شیریں
سونٹھ
فلفل دراز
عودبلسان
خولنجان

بالچھڑ
چراہتہ شیریں
ناگر موتھا
زعفران عرق گلاب میں
حل شدہ
عرق گلاب
خالص
چہرے کی شگفتگی وتروتازگی کے لیے
جوراش تیار ہونے کے بعد
جوارش جالینوس
مکمل نسخے والی
MFG 13-03-19
EXP 10-03-21

اخراج بلغم برائے اطفال

بڑی عُمر کے لوگوں کے لیے تو کافی پوسٹیں کی جاتی ہیں بچوں کے لیے بہت کم پوسٹ لگائی جاتی ہے آج کی پوسٹ بچوں کے لیے ہے خاص طور پر اس موسم کے مطابق پوسٹ لگائی جارہی ہے خاص طور پر معصوم بچوں کے لیے جن کو سینے پر بلغم کی زیادتی ہو جاتی ہے سانس لینا بھی مشکل ہو جاتا ہے. بہت مہنگی ادویات استعمال کرنا پڑھتی ہیں اور پھر بھی آرام نہیں آتا ان کے لیے بہترین نسخہ حاضر خدمت ہے۔

اجزاء نسخہ :۔ ملٹھی، سہاگہ بریاں کردہ۔ برابر وزن سفوف بنالیں اور ان ادویات سے دُوگنا شہد خالص شامل کر لیں بس آپ کی دوائی تیار ہو گئی ہے دن میں تین بار عُمر کے حساب سے بچے کو چٹائیں پاخانے کے راستے بلغم کا اخراج کرے گا یہ چھوٹا سا نسخہ بہت بہترین کام کرتا ہے۔

پیپر منٹ سیرپ

پیپرمنٹ سیرپ کانسخہ دوسری بار شئیر کر رہاہوں مزید بہتر کر کے۔ تمام دوست حکماء سے گذراش ہے کہ خُود بناکر استعمال کروائیں بہت اچھااور آسان نسخہ ہے اور بازاری نسخوں سے ہزار درجہ بہتر ہے اُلٹی، چکر، متلی، ہیضہ، پیچش، مروڑ، پیٹ درد میں موثر ہے۔

اجزاء نسخہ اور بنانے کا طریقہ:۔2 کلو پانی میں 2 کلو چینی کا قوام بنائیں جب شربت ایک دو اُبال لیں تو ایک گرام ست لیموں ڈالیں جب شربت کا قوام تیار ہو جائے تو آگ سے اُتار لیں نیم گرم رہ جائے تو اس میں ایک گرام ست لوبان ڈال کر حل کریں اس کے بعد طوطیا رنگ ایک پُڑھی 5 روپے والی ڈال دیں اس کے بعد ست اجوائن، ست پودینہ، ست الائچی ایک ایک گرام ڈالیں آپ کا انتہائی خوش ذائقہ شربت پیپرمنٹ تیار ہے اور بازاری شربت سے لاکھ درجہ بہتر ہے۔

Naeem Javed ▶ طب اور کیمیا کے کمالات
December 8, 2017 at 2:47 PM

مرضِ ماسخورہ کا نسخہ

یہ نسخہ جناب محمود بھٹہ صاحب کا ہے مرض ماسخورہ کے لیے دانتوں اور مسوڑوں کی ہر مرض اور خاص کر ماسخورہ کا حتمی علاج ہے اس نسخے میں ایلوپیتھک ادویات بھی شامل ہیں اس لیے اگر حکماء دوست بنانا چاہیں تو انکی مرضی عام بندہ بھی بنا کر استعمال کر سکتا ہے۔

<u>اجزاء نسخہ</u>:۔ ٹنکچر آیوڈین، ٹنکچر بنزوین 50-50 گرام، روغن لونگ 3 گرام، کافور آدھی ٹکی، میٹھا سوڈا 1 گرام سب کو ملالیں اور مسوڑوں اور دانتوں پر لگائیں 5 منٹ کے بعد کُلی کر سکتے ہیں۔

روغن زرد

ایک نسخہ دے رہا ہوں وقت سے بہت پہلے لیکن ضرورت سارا سال رہتی ہے اس نسخہ کی۔ اہل علم سے گزراش ہے کہ اس نسخہ کو مزید بہتر کس طرح کیا جاسکتا ہے رہنمائی فرمادیں آج کا نسخہ ہے مرہم زرد کا جو کاپی کیا گیا ہے ماہنامہ قانون مفرد اعضاء سے۔

اجزاء نسخہ:۔ ویزلین اچھی کوالٹی کی 250 گرام، سلفر 40 گرام، کافور نمبر ایک 15 گرام، آخر والی دونوں ادویہ کو علیٰحدہ علیٰحدہ کھرل کر کے ویزلین میں مکس کرلیں بس مرہم تیار ہے۔

فوائد:۔ پھوڑے پھنسیاں، زخم، جلن، سردیوں میں انگلیوں کا گلنا، انگلیوں کی خارش صرف چند بار لگانے سے مکمل آرام بنائیں اور فائدہ اُٹھائیں۔

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
April 24 at 7:13 PM

جوارش کمونی جدید

اجزاء نسخہ :۔زیرہ سیاہ250 گرام، برگ سداب100 گرام، سنڈھ100 گرام، فلفل سیاہ50 گرام، فلفل دراز 50 گرام، کرفس50 گرام، پودینہ50 گرام، تیزپات100 گرام باریک سفوف بنالیں شہد یا چینی تین گنا کا قوام شامل کرکے معجون بنالیں دن میں دو سے تین بار پانی کے ساتھ استعمال کریں حرارت عزیزی کو بڑھاتا ہے جس سے بھوک زیادہ لگتی ہے دل کی دھڑکن کو نارمل کرتی ہے معدہ کیلئے اکسیر ہے ہچکی قبض میں بھی مفید ہے۔

حب تنکار

آج کا نسخہ طبی فارما کوپیا کا مشہور نسخہ حب تنکار آپ سے شیئر کر رہا ہوں یہ نسخہ ہر معالج کو بنا کر استعمال کروانا چاہیے جو اعلیٰ درجے کا قبض کشاء ہے پیٹ کی غلاظت کو صاف کرتا ہے دائمی قبض میں مفید ہے مسلسل استعمال موٹاپا ختم کرتا ہے ریح ہوا کے درد کو ختم کرتا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ اجوائن خراسانی 1 تولہ، سہاگہ 1 تولہ، مرچ سیاہ 6 تولہ، مصبر 9 تولہ سب کا سفوف بنا کر کوار گندل کے گودے میں گولیاں نخودی بنالیں رات سوتے وقت 2 گولیاں نیم گرم پانی یا دودھ کے ساتھ۔

نزلہ، زکام، کھانسی کا نسخہ

روز مرہ کے امراض میں کھانسی زکام بلغم کے لئے نسخہ حاضر خدمت ہے معمول مطب ہے سارا سال چلنے والا نسخہ ہے اور بہترین سے بھی اوپر رزلٹ ہے مطب کا چلتا نسخہ دے رہا ہوں قدر کیجئے گا کوئی بخل نہیں نہ کوئی چیز چھپائی ہے آپ سے خالصتاً اللہ پاک کی رضا کے لیے۔

اجزاء نسخہ:۔ ملٹھی 1 پاؤ، رب اسوس ڈھائی تولہ، گوند کیکر 5 تولہ، گوند کتیرا 5 تولہ، لسوڑیاں 5 تولہ، خشخاش 5 تولہ، مغز بادام ڈھائی تولہ، بادیان 5 تولہ، الائچی کلاں 2 تولہ، چہار مغز ڈھائی تولہ، ست پودینہ 3 گرام، چینی 1 پاؤ

فوائد:۔ نزلہ، زکام، کھانسی، اخراج بلغم، السر معدہ، تیزابیت معدہ، سینے کی جلن اور بخار میں مفید ہے۔

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
August 21, 2017 at 8:22 PM · Bhalwal

حب صابر

اجزاء نسخہ :۔ حنظل (بیج نکال کر شامل کرنا ہے)،رائی اور گندھک آملہ سار۔تینوں ہموزن کُوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور 250 mg والے کیپسول بھر لیں۔دن میں تین بار استعمال کر لیں اور کمزور معدہ والے دو بار تازہ پانی سے یا دودھ کے ساتھ لے سکتے ہیں۔

فوائد:۔ پھوڑے پھنسیاں، قبض،خون کی خرابی، گیس، بواسیر ،خون کو پتلا کرتی ہے، اینٹی بائیٹک ہے، دافع درد اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
July 5, 2018 at 11:05 PM

شربت اکسیرِ جگر

بنسخہ استاد محترم جناب محمود الرسول بھٹہ صاحب ،

اجزاء نسخہ :۔ ترپھلہ 190 گرام، سنڈھ 65 گرام، تیزپات 65 گرام، اجوائن دیسی 65 گرام، پودینہ خشک 65 گرام، درنج عقبری 65 گرام، پتری فولاد 50 گرام، چینی 5 کلو پانی 6 سے 8 کلو۔

تمام ادویات کو سوائے پتری فولاد کے پانی میں بھگو دیں کم از کم 8-10 گھنٹے کے لیے اس کے بعد جوشاندہ بنائیں جب پانی آدھارہ جائے تو چینی شامل کریں جب ایک دو اُبال آجائیں تو ست لیموں 1 گرام فی بوتل کے حساب سے ڈال دیں اور میل کو اچھی طرح صاف کرتے رہیں اس کے بعد پتری فولاد شامل کر دیں اور شربت تیار کریں نیم گرم رہ جانے پر ست لوبان 1 گرام فی بوتل کے حساب سے شامل کریں آپ کا شربت تیار ہے۔

فوائد:۔

بے حد مقوی قلب ہے معدہ و جگر کو تقویت دیتا ہے ضعف جگر و معدہ کو ختم کر کے خون بہت زیادہ پیدا کرتا ہے بھوک زیادہ لگاتا ہے بد ہضمی کے لیے مفید ہے جن لوگوں کو خون کی کمی کا سامنا ہے ان کے لیے نعمت ہے۔

معجون مقوی و ممسک

نہ کوی مضر اجزاء نہ کوئی منشیات نہ کوئی سائیڈ افیکٹ لذت اور ذائقہ ایسا کہ سب کھانے والے کو دیوانہ بنادے جی ہاں آج کا نسخہ نہ صرف کھانے میں مزے دار ہے بلکہ اپنے فوائد میں سُپر کلاس نسخہ ہے باشعور اور نفیس لوگوں کے لیے جو اجزاء کو سمجھتے ہیں زیادہ تعریف نہیں بس جو استعمال کرے گا وہ خود بتائے گا۔

اجزاء نسخہ:۔ مغز کدو150 گرام، مغز بادام شیریں150 گرام، مغز فندق100 گرام، خشخاش100 گرام، ورق نقرہ6 گرام، دانہ الائچی سبز 6 گرام، طباشیر 40 گرام، شہد خالص ایک نمبر ہو تمام ادویات سے دُو گنا۔

ترکیب تیاری:۔ سب سے پہلے الائچی سبز اور طباشیر کو باریک کریں پھر اس میں ورق نقرہ کھرل کریں اس کے بعد مغزیات کو باریک کریں اور شہد کا قوام بنا کر ملالیں آخر میں الائچی اور طباشیر ورق نقرہ کا سفوف ملا دیں۔

فوائد:۔ مقوی اعصاب و دماغ ہے ممسک و مقوی خون ہے حافظہ اور خواہش کو تیز کرتی ہے سوزش معدہ کو ٹھیک کرتی ہے ریاح کو ختم کرتی ہے دائمی سر درد سوزش دماغ اور سوزش سلسل البول کے لیے مفید ہے سوزش معدہ و گردہ مثانہ کے علاوہ سرعت انزال کو مفید ہے۔ مزاج اعصابی غدی (تر گرم) ہے۔

مقدار خوراک:۔ ایک چمچ چائے والی دن میں دو بار پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔

بادام شیریں
مغز فندق
مغز کدو
خشخاش
سفوف طباشیر الایچی.
ورق نقرہ
طباشیر
الایچی سبز
شکیل برادرز
خالص سونے اور چاندی کے ورق بنانے والے
Silver Leaves
ورقِ نقرہ
شہد خالص ایک نمبر
تیار شدہ مجعون
مکمل تیار شدہ مجعون

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
December 16, 2018 at 11:16 AM

مرہم زرد

یہ نسخہ اس سے پہلے بھی شیئر ہو چکا ہے پانچوں بار شیئر کرنے کی وجہ بہت اچھا رزلٹ اور موسم سرما ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ اس موسم میں خشکی زیادہ ہو جاتی ہے اور اس پر ابلم پر اس دوائی کا بہت اچھا رزلٹ آتا ہے سب سے پہلے نسخہ حاضر خدمت ہے گھر میں خود بنائیں اور استعمال کریں۔

اجزاء نسخہ:۔ گندھک آملہ سار 40 گرام، مشک کافور ٹکی 10 گرام، ویزلین اچھی کوالٹی والی 250 گرام۔

بنانے کا طریقہ:۔ ویزلین کے اندر گندھک پیس کر تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں اور ہلاتے جائیں جب اچھی طرح مکس ہو جائے تو پھر مشک کافور پیس کر اسی طرح مکس کر لیں آپ کی مرہم تیار ہے۔

فوائد:۔ سردیوں میں پاؤں کی انگلیوں کا خراب ہو جانا سُوج جانا زخم بن جانا اس پر بہترین کام کرتی ہے کٹھی پھٹی ایڑیوں کو چند دنوں کے اندر صاف اور ملائم کر دیتی ہے جلن پر بہترین کام کرتی ہے اس کے علاوہ پھوڑے پھنسیاں سر کی خارش پر بہت اچھا رزلٹ ہے غرض بہترین اور وقت پر کام آنے والی چیز ہے بنائیں اور فائدہ حاصل کریں۔

اس دفعہ نئے طریقے سے بنایا ہے جس سے مزید بہتری آئی ہے۔

طریقہ کار:۔ ویزلین کو ہلکی آنچ پر گرم کریں ہلکا سا گرم کرنا ہے زیادہ نہیں اور اس میں گندھک آملہ سار باریک کی ہوئی ڈال کر خُوب رگڑیں جب بالکل مکس ہو جائے تو کافور ٹکی پِسی ہوئی شامل کر کے اچھی طرح مکس کر دیں اس طریقے سے مرہم کے اندر مزید نِکھار آ جائے گا۔

شربتِ ہاضم انار دانے والا

وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ ہمیں یا ہمارے بچوں کو بھوک نہیں لگتی اُن کے لیے بطور خاص تحفہ ہے اِنتہائی خوش ذائقہ زبردست ہاضم مزے دار ایک بار بنائیں دیوانے ہو جائیں گے اِس شربت کے۔

اجزاء نسخہ:۔ انار دانہ 1 پاؤ اچھی کوالٹی کا ہو، سونف 1 تولہ، الائچی دانہ خورد 1 تولہ، گُل سرخ صرف پتی 2 تولہ، چینی 2 کلو۔ تمام ادویات کو 2 کلو پانی میں بھگو دیں 6 گھنٹے کے بعد جوشاندہ بنائیں ایک کلو پانی رہ جائے تو پِن چھان کر چینی شامل کر کے شربت بنائیں۔ 2 چمچ کھانے کے بعد استعمال کریں دن میں 2 سے 3 بار۔

سفوف کمال اعجازی

معمول مطب نسخہ بہترین رزلٹ دوا معدہ کے امراض میں کامیابی کے ساتھ رزلٹ دیتا ہے خود بنائیں یا قریبی معالج سے بنوالیں۔

یہ نسخہ برادر محترم جناب حکیم محمد اعجاز صاحب کا ہے اور یہ نسخہ اکسیر ہے تبخیر معدہ گھبراہٹ بے چینی بلاوجہ غصہ کا آجانا رونے کو دل چاہنا کہیں بھی دل نہ لگنا ہر وقت کھوئے کھوئے رہنا تنہائی پسندی چڑچڑاپن مایوسی کا گھیر اؤ اپنے آپ پر غصے کا آتے رہنا اِن سب مسائل سے دوچار لوگوں کے لیے بہترین دوا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔

الائچی خورد، پودینہ خشک، آملہ خشک، گل سرخ، گل گاؤزبان، کشنیز، گاؤزبان، انار دانہ، فلفل سیاہ۔

ہر ایک 50 گرام چینی یا مصری 250 گرام۔

سب کا سفوف بنا کر ایک گرام کی مقدار خوراک دن میں 3 بار خالی پیٹ تازہ پانی کے ساتھ لینی ہے۔

غذا میں سادہ شوربہ والا سالن اور خشک روٹی استعمال کرنی ہے۔

پرہیز بازاری کھانوں مصالحہ دار اشیاء چاول، آلو، گوبھی، بڑا گوشت۔

الائچی خورد۔ آملہ
خشک ۔ کشیز ۔ انار
دانہ۔ فلفل سیاہ

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
November 11, 2018 at 6:34 PM

نسخہ ہاضم

آپ نے معدے اور جگر کے بہت سے نسخے بنا کر استعمال کیے ہوں گے یہ نسخہ بھی معدے کے لیے ہے جو بہترین نسخہ جات میں سے شئیر کیا جارہا ہے آج کل 90فیصد مریض معدے اور جگر کی گرمی کی وجہ سے معدے کے امراض میں مبتلا ہیں اس کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر اور گرم امراض میں مبتلا ہیں ان تمام دوستوں کے لیے یہ معمول مطب نسخہ پیش خدمت ہے بنائیں اور اللہ پاک اگر توفیق دے تو میرے حق میں دُعا فرمائیں۔

آج کا نسخہ مجربات شاکر میں سے شئیر کیا جارہا ہے ایسے نسخے حکیم کبھی بھی آپ کو نہ دیں لیکن یہاں بخل والی گنجائش نہیں ہے جو علم میرے پاس ہے وہ آپ لوگوں سے زیادہ قیمتی نہیں ہے میرے لیے آپ لوگ بہت قیمتی ہیں آتے ہیں نسخہ کی طرف۔

اجزاءنسخہ :۔زیرہ سفید، تخم کاسنی، میٹھا سوڈا،200+200+200 گرام۔گل نیلوفر، گل سرخ ایرانی صرف پتی 100+100 گرام۔کشنیز80 گرام، قلمی شورہ50 گرام، جو کھار25 گرام سب ادویات کا سفوف بنالیں

3-5 گرام دن میں تین بار تازہ پانی کچی لسی دودھ سوڈا یا شربت بزوری بارد کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ مقوی و محرک غدد جاذبہ ہے اعلیٰ درجے کا ہاضم ہے جگر میں سکون پیدا کر کے تمام صفراوی (گرم) امراض کے لئے کسی اکسیر سے کم نہیں معمول مطب ہے نہایت ہی مفید و مجرب نسخہ ہے مزاج اس نسخے کا تر سرد، سرد تر ہے ۔

گل نیلوفر
گل سرخ ایرانی
تخم کاسنی
کشنیز
زیرہ سفید
میٹھا سوڈا
جوکھار
قلمی شورہ

حب ماسک البول جدید

یہ نسخہ محترم رضوان شاہ صاحب کا ہے معجون کی شکل میں بنا سکتے ہیں یا گولیوں کی شکل میں بنا لیں لیکن یہاں پر وضاحت کرتا چلوں کہ یہ نسخہ صرف حکماء دوستوں کے لیے ہے جن احباب کو ضرورت ہو وہ اپنے قریبی معالج سے بنوا کر استعمال کریں خود نہ بنائیں۔

اجزاء نسخہ:۔ بلادر 10 گرام، مغز اخروٹ 80 گرام، ناریل گری 80 گرام، تل سفید 80 گرام۔

سب سے پہلے بلادر کو کھرل میں باریک کر لیں جو دوست حکماء بلادر مدبر کرنا چاہتے ہیں (ڈرتے ہیں کہ اگر مدبر نہ کیا تو نقصان کا اندیشہ ہے وہ مدبر کر لیں ویسے تو کہتا کچھ نہیں کیوں کہ مغز اخروٹ شامل ہے) اور باقی اجزاء باریک کر کے ایک گھنٹہ کھرل کریں بس دوا تیار ہے۔

1 سے 2 دانہ مٹر کے برابر دن میں دو سے تین بار سادہ پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔

فوائد:۔ سلسل البول جو برودت گردہ یا ضعف مثانہ کی وجہ سے ہوتا ہے پیشاب پر کنٹرول نہیں رہتا مگر پیشاب میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہوتی ہمیشہ کھل کر آتا ہے اس حالت میں یہ دوا تریاق کا کام کرتی ہے اس کے علاوہ جریان، ضعف باہ، لیکوریا، نزلہ، ریشہ، دمہ، اعصابی، بلغمی کھانسی، الرجی، چھینکیں، زکام وغیرہ کی مجرب دوا ہے سمجھ دار معالج بہت سے امراض میں کامیابی کے ساتھ استعمال کروا سکتا ہے۔

بلادر
مغز اخروٹ
تل سفید
ناریل گری
دوائ تیاری کے مراحل میں

قشری اعصابی ہاضم شدید

ایک بہت بہترین ہاضم نسخہ حاضر ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ میٹھا سوڈا 20 گرام، افسنتین، ریوند خطائی، نوشادر ٹھیکری 10+10 گرام۔ سب ادویات کو باریک پیس لیں آپ کی دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ایک گرام صبح و شام کھانے کے بعد تازہ پانی کے ساتھ۔

فوائد:۔ خشکی کے امراض کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہو گی جگر کی خشکی کے لیے نہایت ہی مفید ہے اس کے استعمال سے جگر کے وہ سدے جو خشکی کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوئے ہوں چند ہی روز میں نکل جاتے ہیں اور جگر اپنا کام پھر سے کرنا شروع کر دیتا ہے جس سے چہرہ انار کی طرح سُرخ ہو جاتا ہے بہت ہی بہترین ہاضم دوا لکڑ ہاضم پتھر ہاضم یہ دوا ہے جن لوگوں کا پیٹ مٹکے کی طرح پھولا رہتا ہے اور گیس خارج نہیں ہوتی ادھر اس دوا کو کھایا ادھر ہوا کا اخراج شروع فوری رزلٹ چند منٹ کے اندر طبعیت فریش ہو جاتی ہے بنائیں اور فائدہ حاصل کریں سمجھ دار معالج اس سفوف سے بہت سے فوائد حاصل کر سکتا ہے یہ معالج کی قابلیت پر منحصر ہے۔

بشُکریہ۔ مجربات شاکر۔

حکیم خواجہ محمد نعیم

نوشادر ٹھیکری

ریوند خطائی

ادویات

تیاری کے بعد

افستین

سوڈا بائی کارب

یا

میٹھا سوڈا

جوارش شاہی اضافی نسخہ والی

آج کا نسخہ نہایت خوش ذائقہ جوارش کا ہے جس کو بچے بڑے بوڑھے خواتین بڑے شوق اور بخُوشی کھا سکتے ہیں

اجزاء نسخہ:۔ مربہ آملہ، مربہ سیب، مربہ ہی، مربہ گاجر، گلقند (گل سرخ ایرانی والی) سب مربہ جات گلقند، ایک-ایک پاؤ، کشنیز، الائچی سبز، صندل سفید اصل، ہر ایک 25-25 گرام، زرشک شیریں 100 گرام، ورق نقرہ کلاں ایک دستی۔

ترکیب تیاری:۔ مربہ جات اور زرشک شیریں کو دھو کر خشک کر لیں ادویات کو باریک پیس لیں اور ادویات شامل کر کے مربہ جات جو باریک کوٹ کر ورق نقرہ شامل کر لیں یا ادویات کے ساتھ ورق نقرہ کھرل کر لیں۔ اگر شہد شامل کرنا چاہیں تو شہد ایک پاؤ شامل کر سکتے ہیں۔

دن میں دو بار ایک ایک چمچ سادہ پانی کے ساتھ، بغیر پانی کے بھی استعمال کر سکتے ہیں اور دودھ کے ساتھ بھی۔

فوائد:۔ سب سے پہلے تو ان لوگوں کے لیے بہترین تحفہ ہے جو سردیوں میں بھی گرمی کے ستائے ہوئے ہیں اس کے علاوہ یہ جوارش گھبراہٹ، دل ڈوبنا، بے چینی، ہر وقت بلڈ پریشر کا ہائی (زیادہ) رہنا، تیزابیت معدہ، بھوک کی کمی، خون کی کمی، دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے، گیس کی وجہ سے بے چینی و سر درد کو دور کرتی ہے، حیاتین سے بھرپور دوا ہے، کمزور جسم کو طاقت دیتی ہے، کمزور افراد کے لیے بہترین تحفہ ہے خود بنائیں اور استعمال کر کے رزلٹ لیں ہمارے مطب کا کامیاب ترین اور معمول مطب نسخہ ہے۔

کشینز. دھنیا ثابت
شکیل برادرز
Silver Leaves
ورق نقرہ
SHAKEEL BROTHERS
زرشک شریں
صندل سفید اصل لکڑ
الاہچی سبز

مربہ سیب
مربہ آملہ
گلقند ایرانی پھول والی
مربہ گاجر
مربہ بہی
شکیل برادرز
خالص سونے اور چاندی کے ورق بنانے والے
Silver Leaves
ورقِ نقرہ
ورق نقرہ
تیار شدہ دوا
جوراش شاہی مکمل
نسخہ والی

شربت املی آلو بخارا+زرشک شیریں

شربت املی آلو بخارا زرشک شیریں کے مزید ار اضافے کے ساتھ ایک بار استعمال کریں بازاری تمام مشروبات کو بھول جائیں گے۔ انشاءاللہ!

اجزاء نسخہ:۔املی ایک پاؤ، آلو بخارا ایک پاؤ، زرشک شیریں 50 گرام، پانی 4 کلو میں جوشاندہ تیار کریں 2 کلو پانی رہ جائیں تو 3 کلو چینی شامل کر کے شربت تیار کریں۔ست لوبان اور ست لیموں فی بوتل ایک گرام شامل لازمی کریں تاکہ آپ کا شربت خراب نہ ہو۔

فوائد:۔امراض جگر یرقان گرمی کا توڑ گرمی کے بخاروں کو دُور کرتا ہے متلی قے بے چینی اور دل کو تقویت دیتا ہے قبض کشاء بھی ہے پیاس کی شدت کو ختم کرتا ہے گرمی کے بہت سے امراض میں مفید ہے غرض اس موسم کا بہترین تحفہ ہے۔

زرشک شیریں
آلو بخارا
املی
دوران تیاری
جوشانده

ہیئر آئل

جِن لوگوں کے سر کے بال گرتے ہیں خشکی سِکری کا مسئلہ ہے اُمید ہے کہ اِس ہیئر آئل کے استعمال کرنے پر یہ مسائل حل ہو جائیں گے۔

اجزاء نسخہ:۔

چھڑیلا 2 تولہ، برگ حنا 5 تولہ، نر کچور 2 تولہ، صندل سفید اصل 2 تولہ، آملہ خشک 2 تولہ، کچور کچری 1 تولہ، ہلیلہ سیاہ 2 تولہ، الائچی کلاں 2 تولہ، میٹھا تیل پاؤ۔

ترکیب تیاری:۔

تیل کے علاوہ تمام ادویات کو 1 کلو پانی میں بھگو دیں 2 گھنٹے پڑی رہیں پھر آگ پر رکھ دیں۔

جب پانی 1 پاؤ رہ جائیں تو اُتار کر تیل میں جلائیں جب تیل رہ جائیں پانی بِلکل خشک ہو جائیں تو آپ کا ہیئر آئل تیار ہے پِن چھان لیں اور عام تیل کی طرح بالوں میں لگائیں۔

اگر آپ کوئی خوشبو ڈالنا چاہیں تو ڈال سکتے ہیں۔

بام بنانے کا طریقہ

آج آپ کو بام بنانے کا طریقہ بتانے لگا ہوں بلکہ آپ کو ایک تیر سے دو شکار والا نسخہ دینے لگا ہوں آپ کوئی بھی بام بازار سے لیتے ہیں تو کم از کم 50 روپے کی ڈبی ملتی ہے آپ اپنی بام خود گھر میں تیار کریں جو آپ کو کافی سستی پڑھے گی۔

اجزاء نسخہ:۔ ست پودینہ 10 گرام، ست اجوائن 10 گرام، مشک کافور 10 گرام، ویزلین 250 گرام۔

سب سے پہلے ست دونوں اور کافور کو علیٰحدہ علیٰحدہ پیس کر کسی کانچ کی شیشی میں ڈالیں اور تھوڑی دیر دھوپ میں رکھیں وہ پانی کی طرح ہو جائے گا اس کے بعد اس میں سے آدھا نکال کر ویزلین میں مکس کر دیں آپ کی بام تیار ہے۔

جو باقی لیکویڈ شیشی میں بچ جائیں اس کو پیٹ درد، ہاضمے کی خرابی، گیس، پیٹ کا درد، ہیضہ، متلی، قے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ استعمال کا طریقہ یہ ہو گا کہ ایک چمچ چینی کی اور دو قطرے اس لیکویڈ کے چینی کے اُوپر ڈال کر پانی کے ساتھ کھائیں۔

ست پودینہ
ست اجوائن
DEER BRAND
REFINED CAMPHOR
CONTENTS MANUFACTURED IN THE PEOPLE REPUBLIC OF CHINA
خشک کافور
ویزلین
SKIN SURVIVAL
Petroline
PURE PETROLEUM JELLY
200 g e

حب فولادی

اجزاء نسخہ:۔

تر پھلا(آملہ،ہلیلہ،بلیلہ)60 گرام،کشتہ فولاد60 گرام،کشتہ سہ دھاتہ20 گرام،اذراقی مدبر30 گرام،روغن بادام شیریں50 گرام۔

سب ادویات کا سفوف بنالیں اور روغن بادام شامل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

2 گولیاں دن میں تین بار پانی،دودھ،لسی یا شربت فولاد کے ساتھ استعمال کریں۔

اس دواء کا مزاج خشک سرد ہے۔

فوائد:۔

جریان،لیکوریا،کمزوری جگر،جسمانی درد بوجہ جگر کا خون نہ بنانا بہت بہترین اور رزلٹ ایبل دوا ہے۔

معمول مطب نسخہ ہے عام دوست اپنے قریبی معالج سے یہ دوا بنوا کر استعمال کریں۔

کشتہ فولاد خود
ساختہ
تر پھلا۔
تمام ادویات
روغنِ بادام شیریں
ازراقی مدبر
کشتہ سہ دھاتہ
حب فولادی
حب فولادی
بطور نمونہ گولی

Naeem Javed ▸ طب اور کیمیا کے کمالات
July 16, 2017 at 12:38 PM · Bhalwal

شربت مصفٰی خُون

اجزاء نسخہ:۔

چرائتہ، عشبہ، گل منڈی، سرپھوکہ، برگ نیم۔

سب 50+50 گرام لے لیں اور ہلکا ہلکا کُوٹ لیں پھر 3 کلو پانی کے اندر بھگو دیں 6 سے 8 گھنٹے کے لئے۔

اس کے بعد آگ پر رکھ دیں ڈیڑھ کلو پانی رہ جائیں تو 5 کلو چینی ڈالیں اور شربت تیار کریں۔

خوراک:۔

صبح وشام ایک ایک چمچ استعمال کریں۔

فوائد:۔

خون کی خرابی سے پیدا شدہ امراض پر بہترین کام کرے گا، خارش، الرجی، پھوڑے پھنسی اور گرمی کے امراض میں فائدہ مند ہے۔

گیسٹوریکس سیرپ

اجزاء نسخہ:۔ سونف، تیزپات، پودینہ، اجوائن دیسی، کرفس، سوے، سنڈھ 100+100 گرام۔ ست اجوائن، ست پودینہ 2+2 گرام۔

سب سے پہلے ادویات کو 6 کلو پانی میں بھگو دیں 6 گھنٹے کے بعد آگ پر رکھیں 4-5 اُبال آجائیں تو اُتار کر پِن لیں اور اس میں 6 کلو چینی شامل کر کے قوام تیار کریں ایک دو اُبال آجائیں تو ایک چمچ ست لیموں ڈال دیں اس کے ڈالنے سے ساری میل اُوپر آجائے گی جو اُتارنی ہے، جب قوام تیار ہو کر شربت بن جائے اور نیم گرم رہ جائے تو ست لوبان لازمی ڈالیں تاکہ آپ کا شربت خراب نہ ہو ایک چمچ۔ ٹھنڈا ہونے پر خشک بوتل میں ڈال کر رکھیں۔ بڑے 2 چمچ دن میں تین بار کھانے کے بعد۔ بچوں کو عُمر کے حساب سے دیں۔ امراض معدہ کیلئے بہترین ہے۔

سنڈھ
اجواہن دیسی
سونف
پودینہ
ست پودینہ
ست اجواہن
تیز پات
پانی
گیسٹوریکس سیرپ

حب مقوی باہ خاص الخاص

اجزاء نسخہ:۔ جائفل 30 گرام، جلوتری 30 گرام، لونگ 25 گرام، موچرس 25 گرام، عقر قرحا اصل 50 گرام، کچلہ مدبر خُود ساختہ 25 گرام، سونٹھ 30 گرام، اجوائن خراسانی 15 گرام، مالکنگنی 30 گرام، کباب چینی 30 گرام، دار چینی 50 گرام، کشتہ شنگرف خُود ساختہ 25 گرام، کشتہ فولاد خُود ساختہ 25 گرام، زعفران خالص 10 گرام، شہد خالص حسبِ ضرورت۔ کشتہ جات اور زعفران کے علاوہ باقی ادویات کو کوٹ چھان لیں زعفران کو علیٰحدہ باریک پیس لیں شہد کی مدد سے کالی مرچ سے بڑی اور دانہ مٹر سے چھوٹی گولیاں بنالیں۔

صُبح و شام تازہ دودھ کے ساتھ ایک ایک گولی استعمال کریں۔

فوائد:۔ ایک ہفتہ کے اندر دوائی اپنا آپ بتانا شروع کر دے گی 40 یوم کا استعمال اللہ پاک کے حکم سے مرد کو جوان بنادیتا ہے 40 سال سے اُوپر والے حضرات سادہ گولیاں استعمال کرسکتے ہیں شُوگر والوں سمیت۔ اِس سے کم عُمر کے لوگ اِن گولیوں کے استعمال سے پہلے 15-20 دن کوئی بھی مغلظ نسخہ کھالیں اور اس کے بعد استعمال کریں تو اس دوائی کا رزلٹ ڈبل ہو جائے گا ان شاء اللہ۔ وہ خواتین جو جنسی بے رغبتی کا شکار ہیں ان کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ یہ دواء مرد کو کامل مرد بنانے کے لیے بہت سی مہنگی سے مہنگی ادویات سے زیادہ بہتر ہے۔

لونگ
زعفران
عقر قرحا اصل ایک نمبر
جاہفل
جلوتری
کباب چینی
اجواہن خراسانی
کچلہ مدبر

موچرس
سونٹھ
مالکنگی
کشتہ فولاد
دار چینی
کشتہ شنگرف
دوران تیاری

Naeem Javed الطب و الکیمیا قدیم
July 3, 2018 at 10:49 AM

شربت کھانسی

یہ خشک کھانسی صفراوی کھانسی کا آزمودہ شربت ہے اس کے علاوہ اگر کھانسی کے ساتھ خون آتا ہو تو اس کو بھی بند کر دیتا ہے مجرب المجرب نسخہ ہے حکماء دوست احباب جو مطب کرتے ہیں ان سے درخواست ہے بنا کر استعمال کروائیں۔

اجزاء نسخہ:۔

برگ بانسہ ایک پاؤ، ملٹھی ایک پاؤ، نوشادر ٹھیکری 30 گرام، چینی 2 کلو، پانی 5 کلو۔

ترکیب تیاری:۔

برگ اور ملٹھی کو پانی میں بھگو دیں کم از کم 8 گھنٹے۔ اس کے بعد جوشاندہ بنائیں جب پانی 2 کلو رہ جائیں تو چھان پِن کر چینی شامل کریں اور شربت بنائیں نیم گرم رہ جانے پر نوشادر ٹھیکری پیس کر ملا لیں ست لیموں اور ست لوبان فی بوتل 1 گرام کے حساب سے ہر شربت میں لازمی شامل کیا کریں آپ کا شربت تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ 1 تا 3 چمچ دن میں تین بار عمر کے مطابق دیں۔

شربت کھانسی
حکیم خواجہ محمد نعیم
ملٹھی
برگ بانسہ
حکیم خواجہ محمد نعیم
نوشادر

لیکوریا کا نسخہ

آج آپ کے ساتھ جو نسخہ شیئر کر رہا ہوں وہ نسخہ طارق حسین کا ہے جو لیکوریا کے لیے ہے، بہت اچھا رزلٹ ہے آپ بھی بنا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

اجزاء نسخہ:۔

مازو سبز 5 تولہ، مائیں 5 تولہ، نسپال (پوست انار) 5 تولہ، پھٹکڑی سفید بریاں 5 تولہ، گل دھاوا پانچ تولہ، سنگجراحت 3 تولہ، رال سفید 3 تولہ۔

تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور فل سائز کیپسول بھر لیں۔

صبح و شام خالی پیٹ شربت انجبار کے ساتھ استعمال کریں شربت انجبار مارکیٹ سے مل جاتا ہے ہمدرد، اجمل، اشرف کسی کمپنی کا لے لیں۔

2 چمچ شربت اور آدھا گلاس پانی ہو۔ لیکوریا جو پانی کی طرح بہتا ہے ایک ہفتہ تا پندرہ دن نصاب ہے۔

نوٹ:۔ کوئی بھی دوائی استعمال کرنے سے پہلے اپنے معالج سے مشورہ ضرور کیا کریں یہ لائن آپ کی بہتری کے لیے لکھی جاتی ہے۔

نایاب بکس

شربت مرکب

موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی نزلہ زکام کھانسی دمہ سانس کی تنگی سینے پر بلغم کی زیادتی سینے کی جکڑن کے لیے بہترین اور رزلٹ والا نسخہ حاضر ہے۔

اجزاء نسخہ:۔برگ بنفشہ، عناب، سپستان، اڑوسہ، زوفا، ملٹھی۔ ہر اجزاء کا وزن 50 گرام۔

پانی 3 کلو میں بھگو دیں تمام ادویات کو۔12 گھنٹے کے بعد جوشاندہ بنائیں جب پانی 2 کلو رہ جائے تو چینی 2 کلو شامل کریں اور جب پہلا اُبال آجائے جوشاندے کو تو ایک چیچ چائے والی ست لیموں شامل کریں اور جو میل بنے اس کو اُتار دیں جب شربت بن جائے اور تھوڑا ٹھنڈا ہونے کے قریب ہو تو اس میں ست لوبان ایک چیچ چائے والی ڈال کر مکس کر دیں جب شربت نیم گرم رہ جائے تو 2 ماشہ ست پودینہ باریک کر کے شامل کریں اور شربت ٹھنڈا ہونے پر خشک بوتل میں ڈال لیں۔

اگر گاڑھا ریشہ ہو تو 2 چیچ شربت اور آدھا کپ نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں تین بار چائے کی طرح سپ کر کے پی لیں اور اگر ریشہ پتلا ہو تو پانی کے بغیر استعمال کریں۔

برگ بنفشہ
تمام ادویات
تیار شدہ شربت
زوفا
عناب
ملٹھی
سپستان
اڑوسہ

کان کی ہر بیماری کا اکسیر نسخہ

اجزاء نسخہ:۔

مینسل 1 تولہ، ہڑتال ورقیہ 1 ماشہ، تیل سرسوں آدھا کلو۔

بنانے کا طریقہ:۔ پہلی دونوں ادویات کو باریک کر کے 15 منٹ تک تیل میں پکائیں اس کے بعد تیل کو چھان لیں اور محفوظ کر لیں۔

5-2 قطرے دن میں 2-3 بار کان میں ڈالیں۔ کان کی ہر بیماری میں اکسیر اعظم ہے۔

Naeem Javed ▸ الطب و الکیمیا قدیم
October 15, 2017 at 12:11 PM · Bhalwal

اکسیر درد شقیقہ

آج کا نسخہ آدھے سر کے درد کے لیے ہے اور یہ نسخہ جناب محمود رسول بھٹہ صاحب کا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ اسطخودوس، افیمتون، بسفاج، کشنیز۔6+6 ماشہ، کالی مرچ 8 دانے جوشاندہ بنا کر پینا ہے۔

لیکن میں نے اس نسخہ کو سفوف کی شکل میں استعمال کرنے کا پروگرام بنایا ہے جو نسخہ میں نے ترتیب دیا ہے وہ اس طرح ہے کہ باقی اجزاء50+50 گرام اور کالی مرچ 25 گرام سفوف بنا کر دن میں دو بار پانی یا چائے کے ساتھ استعمال کرنا ہے۔ تمام اساتذہ کرام سے رہنمائی کی درخواست ہے۔

معجون شباب آور زعفرانی

آج ہمارے ہاں ایک تو ٹھنڈھ بہت زیادہ ہو گئی ہے اور دوسرا بارش ہو رہی ہے اس سرد موسم میں ایک بہت زبردست نسخے کے ساتھ حاضری ہو رہی ہے سرد مزاج والوں کے لیے سرد موسم کا گرم تحفہ جس کا کام ہے سرد پانی میں آگ لگا دینا مطلب آپ لوگ سمجھ گئے ہوں گے۔

اجزاء نسخہ:۔ تخم شلجم 6 تولہ، عقرقرحا اصل ایک نمبر 2 تولہ، تخم پیاز 2 تولہ، فلفل سیاہ 2 تولہ، فلفل دراز 2 تولہ، مغز جائفل 2 تولہ، ریگ ماہی 2 تولہ، خولنجان 2 تولہ، زنجبیل 2 تولہ، تخم حرمل 2 تولہ، زعفران ایک نمبر ہو 1 تولہ، دار چینی 2 تولہ، لونگ 2 تولہ، مالکنگنی 2 تولہ، شہد خالص ایک نمبر ہو، ساری ادویات سے 3 گنا۔

زعفران اور شہد کے علاوہ تمام ادویات کو کھرل میں کوٹ لیں مشین میں پسپائی نہیں کرنا ہاتھوں سے کُوٹنا ہے۔

زعفران کو علیحدہ عرقِ گلاب میں کھرل کر لیں شہد کے قوام میں معجون تیار کر لیں۔

حسبِ برداشت دن میں دوبار آدھی سے ایک چمچ چائے والی کھانے کے آدھا گھنٹہ کے بعد۔ باپرہیز صرف ایک ماہ استعمال کر لیا تو اللہ پاک کے حکم سے نئی جوانی واپس آجائے گی۔

یہ دوائی نہ صرف مقوی اعصاب ہے بلکہ آلہ تناسل کی سُستی کو دُور کرتا ہے نفس کی رگوں میں خون کی روانی کو بحال کرتا ہے بے نظیر چیز ہے انتشار کا طوفان برپا کرتا ہے قلت انتشار مردوں اور عورتوں کے لیے بے حد

مفید ہے ان لوگوں کے لیے بطور خاص ہے جو جیتے جی مردوں میں شمار ہیں جنسی حوالے سے مایوس اور ناکارہ لوگوں کے لیے بہترین تحفہ ہے۔

نوٹ:۔ یہ دوا گرم مزاج، ہائی بلڈ پریشر، بواسیر، شُوگر والے مریض استعمال نہیں کر سکتے۔

تخم شلجم

دار چینی

ریگ ماہی

تخم حرمل

تخم پیاز

زعفران عرق گلاب میں
مکس کردہ

مجعون شباب اور
زعفرانی

کمر درد کیلئے نسخہ

اجزاء نسخہ :۔ مغز تخم املی کلاں 2 عدد، مغز تخم املی خورد 1 تولہ، کمر کس 1 تولہ، گوند ببول 1 تولہ، بھوسی اسپغول 2 تولہ۔ تمام اشیاء کو پیس لیں سوائے بھوسی اسپغول کے۔ یاد رہے کہ چھلکا اسپغول کو آپ نے ہرگز ہرگز نہیں پیسنا ورنہ نقصان ہوگا اس کو اسی حالت میں شامل کرنا ہے 3 ماشہ کی خوراک ہے یا 500 mg والے کیپسول بھر لیں رات سوتے وقت ایک خوراک دودھ کے ساتھ شدید ضرورت ہو تو صبح و شام بھی لے سکتے ہیں۔

فوائد:۔ کثرت بول، کمر درد، امساک، سختی، جریان، قوت باہ میں مفید ہے۔ 4-5 خوراک کے استعمال سے درد غائب ہو جاتا ہے۔

سفوف شفائے رحمت

معدہ کے تمام امراض، قبض، پیٹ درد، بھوک کی کمی، غذا کا ہضم نہ ہونا، گھبراہٹ، بے چینی، ہائی بلڈ پریشر، غرض پورے جسم کیلئے فائدہ مند ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ میٹھا سوڈا 50 گرام، ست پودینہ 10 گرام، چینی 200 گرام۔ تمام اجزاء کو سفوف بنالیں۔

آدھا چمچ صُبح وشام کھانے کے بعد استعمال کریں۔

اکسیر سوزاک

ہفت روزہ کورس بنسخہ حکیم محمد عثمان بھٹہ ایک ہفتہ کے استعمال سے سوزاک جڑ سے ختم۔

اجزاء نسخہ:۔ زیرہ سفید، دانہ الائچی کلاں، جو کھار، قلمی شورہ، گوند کیکر، بہروزہ خشک، پھٹکڑی بریاں۔

سب 1-1 تولہ اور کوزہ مصری 10 تولہ سب کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:۔ 2 تا 3 ماشہ ہمراہ کچی لسی دن میں 3 بار۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں سوزاک ختم ہو جائے گا۔

نسخہ گلے کی خرابی کیلئے

جن لوگوں کا گلہ آئے روز خراب رہتا ہے سوزش گلے کا اندر سے اتنا سُرخ ہو جانا کہ جیسے خون آرہا ہو اس کے ساتھ خشک کھانسی کا ہونا نارمل سے زیادہ ٹھنڈا پانی پینے سے گلے کا خراب ہونا ان تمام علامات میں یہ دوا مفید ہے۔

اجزاء نسخہ :۔ چھلکا ریٹھا، گندھک آملہ سار، رائی۔ ہموزن سفوف بنالیں بڑے سائز کے کیپسول بھر لیں یا چنے برابر گولی بنالیں۔ 1 کیپسول دن میں 3 بار اگر گولی بنانی ہے تو2+2+2 گولیاں دن میں 3 بار سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف حابس

اجزاء نسخہ:۔ گیرو50 گرام، سنگجراحت100 گرام، پھٹکڑی سفید50 گرام۔ سفوف بنالیں۔

1-2ماشہ ہمراہ پانی دن میں 3 بار۔

فوائد:۔ فوراً اثر کرتی ہے پہلی خوراک سے ہی خون روکتی ہے بے ضرر ہے خون روکنے کی اس سے اچھی دوا اور کوئی نہیں یرقان میں بہترین ہے سیلان الرحم سوزاک کو مفید ہے خونی پیچش دست گرمی خشکی کے مریضوں پر استعمال ہوتا ہے گیرو کے بغیر معدہ آنتوں کے السر لیکوریا جریان پیلیے یرقان سوزاک اور بطور منجن دانتوں کے لیے مفید ہے۔

نسخہ الرجی، خارش، پھوڑے پھنسیوں کے لئے

یہ نسخہ منصور الحق صاحب کا ہے اور یہ نسخہ الرجی خارش خشک و تر پھوڑے پھنسیوں کے لیے از حد مفید ہے بڑے بڑے ایلوپیتھک نسخے اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں خون صاف کرنے میں اس نسخے کو کمال حاصل ہے بنائیں اور فائدہ اُٹھائیں۔

اجزاء نسخہ:۔ دھماسہ 100 گرام، ریوند چینی 20 گرام، فلفل سیاہ 10 گرام۔ سفوف بنالیں اور 500 mg والے کیپسول بھر لیں۔ صبح وشام 1+1 کیپسول پانی کے ساتھ۔

نوٹ:۔ کوئی بھی دواء استعمال کرنی ہو تو اپنے معالج کے مشورہ سے استعمال کیا کریں۔

گرم اشیاء مصالحہ جات اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔

سفوف السارین

یہ نسخہ بھائی سبحان رضا کا عطیہ کردہ ہے جو معدہ کے السر زخم و جلن پر بہترین رزلٹ دیتا ہے بنائیں اور اللہ پاک کا شکرادا کریں بس اتنا کہنا کافی ہے کہ ایسے نسخے جو مجرب ہوں کوئی نہیں دیتا نہ کوئی شئیر کرتا ہے جگر پارہ پیش خدمت ہے اپنے اساتذہ سے مزید رہنمائی کی درخواست ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ رال سفید 50 گرام، ملٹھی 50 گرام، ثابت اسپغول 100 گرام، مصری 200 گرام۔

سوائے ثابت اسپغول کے باقی ادویات کا سفوف بنالیں اور آخر میں ثابت اسپغول شامل کرلیں۔

طریقہ استعمال:۔ آدھی چمچ صبح آدھی چمچ شام خالی پیٹ سادہ پانی کے ساتھ۔

اس دوا کے ساتھ اگر آپ شربت املی آلو بخارا زرشک شیریں والا استعمال کریں تو سونے پہ سہاگہ والی بات ہو جائے گی۔

شوگر والے مریض مصری کے بغیر بنا کر استعمال کریں اور وہ شربت املی آلو بخارا کے بجائے تخم بالنگا ایک چمچ صبح وشام 5-7 دن استعمال کرنے کے بعد یہ دواء استعمال کریں۔

تمام ادویات
ملٹھی
رال سفید
مصری

سوغات

آج کی پوسٹ کا نام ہے سوغات، جو غذا کی غذا اور علاج کا علاج مزے دار اجزاء پر مشتمل ہے۔

اجزاء نسخہ :۔ موٹا آٹا چکی والے سے مل جاتا ہے آدھا کلو، دیسی گھی اندازۃً 1 کلو، تل سفید 1 پاؤ، ناریل گری کدو کش کرنی ہے 1 پاؤ، گری بادام کُوٹ لیں 1 پاؤ، گری اخروٹ آدھا پاؤ، میوہ 50 گرام، گری مونگ پھلی 1 پاؤ، کھجور آدھا پاؤ۔

سب سے پہلے آٹا دیسی گھی کے اندر بُھون لیں جب سُرخ ہو جائے اور خُوشبو دینے لگے تو باقی کے اجزاء جو آپ نے موٹے موٹے کوٹ لیے ہوں وہ شامل کر دیں لو جی آپ کی سوغات تیار ہے۔

اب وہ لوگ جو دردوں کا شکار رہتے ہیں وہ اس میں گوند کیکر 10 گرام اور میتھرے 10 گرام کا اضافہ کر لیں اور جو خواتین کمر درد اور لیکوریا کا شکار رہتی ہیں وہ کمر کس اور موچرس 10-10 گرام کا اضافہ کر لیں بچوں کو اضافہ جات والی اشیاء کے بغیر بنا کر دیں۔

مقدار خوراک :۔ حسبِ برداشت چائے یا دودھ کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں یہ جسمانی اور دماغی ٹانک ہے اور بہترین رزلٹ والی غذا اور دوا ہے کھانے کے بعد تعریف آپ خود کریں گے ان شاء اللہ۔

سر درد

یہ نسخہ جناب فیاص احمد یوسف زئی کا ہے گو اجزاء دیکھنے میں معمولی نظر آتے ہیں لیکن جب آپ بنا کر استعمال کریں گے تو کرشمہ خداوندی کے قائل ہو جائیں گے۔

اجزاءنسخہ:۔پوست آملہ 10 گرام، سونف 5 گرام، کشنیز خشک 5 گرام۔ موٹا موٹا کُوٹ لیں اور رات کو بھگو دیں 1 گلاس پانی میں صبح مل چھان کر شربتِ بنفشہ کے ساتھ استعمال کریں لیکن میرا پروگرام اس کو سفوف کی شکل میں استعمال کروانے کا ہے اگر آپ لوگ بھی سفوف بنا کر استعمال کرنا چاہتے ہیں تو اس کی مقدار پوست آملہ 100 گرام اور باقی دونوں اجزاء50-50 گرام ہوں گے۔ استعمال:۔ایک چمچ صبح وشام۔

فوائد:۔ایسے سر درد میں مفید ہے جس میں چکر آتے ہوں آنکھوں کے آگے اندھیرا چھاجاتا ہو گیس کے بخارات سر کو چڑھتے ہوں ہائی بلڈ پریشر کو بھی کنٹرول کرتا ہے نیز گرمی کے اکثر امراض میں دے سکتے ہیں۔

Naeem Javed ▸ الطب و الکیمیا جدید
September 20, 2017 at 6:36 PM · Bhalwal

جوڑوں کے درد کیلئے نسخہ

جوڑوں کا درد آج کل بہت تیزی سے پھیل رہا ہے وجہ کولڈ ڈرنک چائے اور فارمی گوشت کا بکثرت استعمال ہے بادی اشیاء کی وجہ بھی اپنی جگہ نقصان دے رہی ہے یہ بنانے میں بہت آسان نسخہ ہے اور فوائد میں بے مثال ہے۔

<u>اجزاء نسخہ</u>:۔ حنظل (تمہ) بیج نکالنے ہیں، سونٹھ، سورنجان شیریں، حرمل، ہریڑ سیاہ۔ ہموزن بلکل باریک سفوف بنالیں اور کوار گندل کے گودے کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنالیں۔ 1-2 گولیاں دن میں 3 بار دودھ یا سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ٹھنڈی اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔